ہمیشہ آپ کے ساتھ
لازوال

# کشتواڑ میں مسافر گاڑی حادثے کا شکار، ایک کی موت، چھ زخمی

## زخمیوں کو علاج و معالجہ کیلئے ضلع اسپتال کشتواڑ منتقل کیا گیا

بابر فاروق

کشتواڑ// ضلع کشتواڑ میں ایک مسافر گاڑی کشتواڑ-ڈول سڑک رابطے پر سفر کرتے ہوئے ڈول کے قریب حادثے کا شکار ہوگئی جب گاڑی ڈرائیور کے قابو سے باہر ہوئی۔ وہیں اسٹیشن ہاؤس آفیسر پولیس تھانہ کشتواڑ انسپکٹر فردوس احمد کی سربراہی میں کشتواڑ پولیس کی ٹیم، مقامی این جی اوز اور ڈول علاقے کے مقامی لوگوں نے فوری طور پر مشترکہ بچاؤ کاروائی عمل میں لائی۔ تاہم بچاؤ کاروائی کے دوران سات مسافر موقع سے زخمی حالت میں بازیاب کیے گئے اور انہیں علاج کے لیے ضلع اسپتال کشتواڑ منتقل کیا گیا۔ وہیں زخمی مسافروں کی شناخت پھول سنگھ ولد کپور سنگھ، نریش کمار ولد ہنس راج، ریتا دیوی زوجہ کپور سنگھ، نریندر کمار ولد برج لال، کپور سنگھ ولد شانتی لال، رتن لال ولد بدھی سنگھ اور بٹو کمار بدھی سنگھ کے طور پر ہوئی اور یہ تمام مسافر چیرجی ڈول کے رہائشی ہیں۔ دریں اثناء گاڑی کو حادثہ پیش آنے کے بعد گاڑی کا ڈرائیور سنیل کمار ولد دیس راج ساکنہ چیرجی ڈول موقع سے فرار ہوگیا۔ بدقسمتی سے ایک زخمی مسافر جس کی شناخت کپور سنگھ ولد شانتی لال ساکنہ چیرجی ڈول کے طور پر ہوئی، نے علاج کے دوران ضلع اسپتال کشتواڑ میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ دیا۔ وہیں رتن لال اور بٹو کمار نامی زخمی مسافروں کو ضلع ہسپتال کشتواڑ میں ابتدائی علاج فراہم کرنے کے بعد مزید علاج کے لیے جی ایم سی جموں منتقل کیا گیا۔ آخری اطلاعات کے مطابق دیگر زخمی مسافر ضلع اسپتال کشتواڑ میں زیر علاج ہیں۔



## گمبھیر راجوری میں امیدواروں کے لیے ہندوستانی فوج کا کامیاب بھرتی پروگرام

### امیدواروں کو ابتدائی انٹرویوز اور شارٹ لسٹنگ، جسمانی فٹنیس کے طریقہ کار سے گزرنا پڑا



لازوال ڈیسک

راجوری// بھارتی فوج نے گمبھیر، راجوری سے مسلح افواج میں شمولیت کے خواہشمندوں کے لیے بھرتی کے ایک جامع پروگرام کی میزبانی کی۔ اس تقریب میں 11 سرشار امیدواروں کو ایک سخت تشخیصی عمل سے گزرتے ہوئے دیکھا گیا، جو فوجی خدمات کے لیے صحیح اہلیت اور حوصلہ افزائی کے حامل افراد کی شناخت کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا۔ وہیں امیدواروں کو ابتدائی انٹرویوز اور شارٹ لسٹنگ کے طریقہ کار سے گزرنا پڑا، جس کے بعد ان کی جسمانی فٹنس ٹیسٹ کا اہتمام کیا گیا۔ ان کا اندازہ انڈین آرمی کے اہم کردار کے لیے بنیادی فٹنس معیارات پر کیا گیا۔ وہیں خواہشمندوں نے ساختی جسمانی تربیتی سیشنوں میں حصہ لیا، حقیقی دنیا کے منظرناموں کی نقالی کرتے ہوئے اور انہیں ہندوستانی فوج کے فرائض کے جسمانی تقاضوں کے لیے تیار کیا۔ اس بھرتی تقریب نے ہندوستانی فوج میں خدمات انجام دینے کے لیے درکار اعلیٰ معیارات اور عزم کو اجاگر کیا۔ ہر مرحلے میں صرف سب سے زیادہ قابل اور لچکدار افراد کے انتخاب پر توجہ مرکوز کی گئی، جو قومی سلامتی میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہیں۔ یاد رہے تقریب ایک شاندار کامیابی تھی، جس میں منتخب امیدواروں نے غیر معمولی لگن اور ہندوستانی فوج میں خدمات انجام دینے کی صلاحیت کا مظاہرہ کیا۔ ہندوستانی فوج کو اپنے نئے بھرتیوں کا خیر مقدم کرنے پر فخر ہے اور وہ قومی سلامتی میں ان کی گرانقدر شراکت کی منتظر ہے۔

## شعبہ سکول جامعہ تعلیم القران کے بچوں میں سالانہ کھیل مقابلہ منعقد

### مختلف کھیلوں میں حصہ لینے والے طلباء وطالبات اعزازی اسناد سے سرفراز



ریاض ملک

منڈی// ضلع پونچھ کے معروف دینی ادارہ جامعہ تعلیم القران و جامعۃ الصالحات اڑائی میں جامعہ کے شعبہ اسکول کا یوم کھیل منایا گیا جس میں مختلف کھیلوں میں طلبہ وطالبات نے حصہ لیا۔ اس پروگرام میں بچوں کے ورثاء کے ساتھ ساتھ اور بھی بہت سارے لوگوں نے شرکت فرمائی۔ وہیں پروگرام کی صدارت ناظم وبانی جامعہ حضرت مولانا شمس الدین قاسمی نے فرمائی۔ نظامت شعبہ اسکول کے ٹیچر ماجد احمد نے فرمائی، امپائر کے فرائض انجام دینے کے لیے ماسٹر محمد احمد اور ماسٹر عرفان احمد رہے۔ اس کے ساتھ ساتھ جامعہ کے شعبہ اسکول کے تمام اسٹاف نے شرکت فرمائی۔ اس موقع پر بچوں نے مختلف قسم کی کھیلوں کو پیش کیا۔ تاہم پوزیشن حاصل کرنے والی ٹیم کے کیپٹن کو اعزازی اسناد تقسیم فرمائی۔ اس پروگرام میں 16 ٹیموں نے حصہ لیا اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ فرمایا۔ آخر میں جامعہ کے شعبہ تعلیمات کے ناظم مولانا عبید اللہ اور مولانا محمد اسلم ضیائی نے بچوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے مبارکباد پیش کی۔ صدر مجلس مولانا شمس الدین قاسمی اور مفتی نذیر احمد شاہین نے شعبہ اسکول کے پرنسپل حافظ مشتاق احمد اور تمام اساتذہ کو بہترین کارکردگی پر مبارکباد پیش کی اور بچوں کو مزید محنت کے لیے ترغیب دی۔

## پونچھ شہر کے وارڈ نمبر 7 میں بجلی کے 'سمارٹ میٹرز' کی تنصیب، مقامی لوگوں نے کیا سخت برہمی کا اظہار

### جموں کشمیر سرکار سے 'سمارٹ میٹرز' کی تنصیب پر روک لگانے کا کیا مطالبہ، نہ روکنے پر احتجاجی مظاہروں کا دیا انتباہ

لازوال ڈیسک

پونچھ// مرکزی زیر انتظام جموں وکشمیر کے سرحدی ضلع پونچھ کے شہر خاص کے وارڈ نمبر 7 کے عوام نے بجلی کے 'سمارٹ میٹرز' کی تنصیب کو لیکر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ مقامی لوگوں اور پونچھ کے معزز شہریوں نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ جموں و کشمیر کے جن علاقوں میں بجلی کے سمارٹ میٹر کی تنصیب ہوئی تھی وہ سمارٹ سٹی کے زمرے میں تھیں لیکن سرحدی ضلع پونچھ جہاں بادل گرجنے اور ہوا کے تیز جھونکے سے بجلی غائب ہوجاتی ہے، جہاں آج بھی ننگی تاریں بازار میں کسی بھی وقت کسی حادثے کا سبب بن سکتی ہیں، جہاں آج بھی لوگ بنیادی سہولیات سے محروم ہیں وہاں سمارٹ میٹرز کی تنصیب غلط ہے۔

انہوں نے مزید بتایا کہ نیشنل کانفرنس نے اپنے منشور میں جموں کشمیر کی عوام کو 200 یونٹ مفت بجلی دینے کا وعدہ کیا تھا لیکن حکومت کے قیام کے بعد سے ہی پونچھ کی عوام کو سمارٹ میٹرز کا تحفہ دیا، جہاں پہلے ہی عوام بجلی کے بھاری بلوں کے قہر سے پریشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو راحت دینے کے بجائے انہیں پریشان کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب جموں وکشمیر کی سمارٹ سٹیز میں سمارٹ میٹر لگائے جارہے تھے تب نیشنل کانفرنس، کانگریس و دیگر جماعتیں اسکی مخالفت میں احتجاج درج کروا رہی تھیں اور آج خود کی حکومت آئی تو سرحدی علاقوں میں بھی سمارٹ میٹرز کی تنصیب شروع کردی۔ پونچھ میں لوگوں نے جموں کشمیر کی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ پونچھ میں سمارٹ میٹرز نصب کرنے پر روک لگائیں، بصورت دیگر سڑکوں پر نکل کر حکومت کے خلاف احتجاجی مظاہرے کریں گے۔



## ویجی لنس بیداری ہفتہ-2024

### اینٹی کورپشن بیورو جموں اور راجوری میں دو میگا ایونٹ منعقد کرے گا



لازوال ڈیسک

جموں// اینٹی کورپشن بیورو (اے سی بی) ویجی لنس بیداری ہفتہ- 2024 کے سلسلے میں راجوری اور جموں میں دو پروگراموں کا اِنعقاد کر رہا ہے۔ پہلا پروگرام 4 نومبر کو صبح 11 بجے بابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی راجوری میں منعقد ہوگا جسے بذریعہ ویڈیو کانفرنس ڈِی سی آفس پونچھ، ڈائریکٹوریٹ آف ہیلتھ گورنمنٹ ہاسپٹل گاندھی نگر جموں، ڈی سی آفس رام بن اور ڈِی سی آفس بڈگام میں بھی دیکھا جائے گا۔ دوسرا پروگرام ایم اے ایم کالج جموں میں سہ پہر 3 بجے منعقد ہوگی جسے پونچھ، راجوری اور ادھمپور کے ڈی سی دفاتر میں بھی دیکھا جائے گا۔

## فوج کی جانب سے سرسوتی راجوری میں گجر اور بکروالوں کے لیے طبی گشت کا اہتمام

### طبی دیکھ بھال کی پیشکش، بنیادی صحت کی جانچ، عام بیماریوں کا علاج، اور ضروری ادویات کی تقسیم کی گئی



لازوال ڈیسک

راجوری// ہندوستانی فوج نے سرسوتی راجوری ضلع کے دور دراز دیہاتوں میں ایک کامیاب موبائل میڈیکل گشت کا انعقاد کیا، جس میں گجر اور بکروال برادریوں کو صحت کی ضروری خدمات فراہم کی گئیں۔ اس طبی گشت نے ان کمیونٹیز کو ان کے الگ تھلگ مقامات اور چیلنجنگ خطوں کی وجہ سے درپیش دیرینہ صحت کی دیکھ بھال کے تفاوت کو دور کیا۔ اس اقدام نے موقع پر طبی دیکھ بھال کی پیشکش کی، بشمول بنیادی صحت کی جانچ، عام بیماریوں کا علاج، اور ضروری ادویات کی تقسیم۔ وہیں حفاظتی صحت کی دیکھ بھال کے اقدامات، جیسے حفاظتی ٹیکوں اور حفظان صحت، غذائیت اور بیماریوں سے بچاؤ کے بارے میں رہنمائی بھی فراہم کی گئی۔

اس انسان دوست اقدام سے 27 دیہاتیوں کو فائدہ ہوا۔ تاہم ہندوستانی فوج کی کوششوں کو مقامی آبادی نے بڑے پیمانے پر سراہا ہے، جنہوں نے انتہائی ضروری طبی خدمات کو براہ راست ان کی دہلیز تک پہنچانے کے لیے گہرا شکریہ ادا کیا۔ اس رسائی نے ہندوستانی فوج اور مقامی برادریوں کے درمیان تعلقات کو مضبوط کیا ہے، اعتماد، خیرسگالی اور کمیونٹی ہم آہنگی کو فروغ دیا ہے۔

## مسلم ایجوکیشن ٹرسٹ تھنہ منڈی راجوری نے اپنا 49واں یوم تاسیس منایا

### معروف اینکر پردیپ کھنہ کو سالانہ محمد دین بانڈے میموریل ایوارڈ پیش کیا گیا




لازوال ڈیسک

راجوری// مسلم ایجوکیشن ٹرسٹ تھنہ منڈی راجوری نے تھنہ منڈی میں اپنا 49واں یوم تاسیس منایا۔ اس موقع پر مظفر خان ایم ایل اے تھنہ منڈی مہمان خصوصی تھے اور قیوم میر چیف ایگزیکٹو آفیسر اوقاف راجوری نے تقریب کی صدارت کی۔ اس تقریب میں ضلع سیشن جج اننت ناگ طاہر خورشید رینا اور راجوری کے دیگر ممتاز شہریوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر معروف اینکر پردیپ کھنہ کو سالانہ محمد دین بانڈے میموریل ایوارڈ پیش کیا گیا۔ واضح رہے یہ ایوارڈ ہر سال پیر پنچال خطہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو ان کی مثالی خدمات پر دیا جاتا ہے۔ اس موقع پر طلباء کی طرف سے ایک ثقافتی رنگارنگ پروگرام پیش کیا گیا جس میں بنیادی توجہ کردار سازی اور اخلاقی تعلیم پر تھی۔ یاد رہے اس سے قبل بھی یہ سالانہ ایوارڈ کئی معززین کو دیا جاچکا ہے۔

## جامعہ ضیاء العلوم پونچھ کے شعبہ عصری تعلیم نے مدح رسولؐ تقریب کا انعقاد کیا

### متعدد علمی شخصیات تقریب میں شامل، طلباء میں انعامات تقسیم کئے گئے

ریاض ملک

پونچھ// جامعہ ضیاء العلوم پونچھ کے شعبہ علوم عصریہ کے تحت قائم ہائی سکول میں شعبہ دینیات کے زیر اہتمام ایک روزہ تقریب بعنوان مدح رسولؐ پروگرام منعقد ہوا۔ جامع مسجد محمود میں منعقدہ اس پروگرام میں بچوں نے نعت گوئی میں ہنر آزمائی کی اور آقا دو جہاںؐ کے تئیں اپنی عقیدت کا اظہار کیا۔ اس پروگرام میں حصہ لینے والے طلباء وطالبات میں اعزازی نمبرات حاصل کرنے والے خوش نصیبوں کو انعامات سے نوازا گیا۔ وہیں پروگرام میں بطور خاص جے کے اے ایس تحصیلدار حویلی اظہر مجید، ریٹائرڈ نائب تحصیلدار رشید الرحمان، ریٹائرڈ ایڈیشنل ڈیو ڈویلپمنٹ کمشنر عبدالحمید، پروفیسر ڈاکٹر خلیل احمد ریشی، ایس کے سی ڈگری کالج پونچھ، لیکچرر شبع الحسن وار، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول پونچھ کے لیکچرر ابوبکر ملک، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول منڈی، ریٹائرڈ نائب تحصیلدار بشیر احمد خاکی کے علاوہ دیگران شامل ہوئے۔ اس موقع پر طلباء کی جانب سے پیش کئے گئے کلام کو سامعین نے سراہا اور مہمانوں کے ہاتھوں طلباء کو انعامات سے نوازا گیا۔ آخر میں سکول پرنسپل وحید احمد بانڈے نے پروگرام میں شریک تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔



## وزیر ستیش شرما نے ریاسی، سندر بنی اور پالن والا کیلئے تین بسوں کو ہری جھنڈی دِکھا کر روانہ کیا

### کہا، حکومت سرحدی اور دُور دراز علاقوں میں ٹرانسپورٹ کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کیلئے پُرعزم ہے

### جے کے آر ٹی سی ملازمین کے حق میں 20 فیصد ڈی اے کی یقین دہانی

لازوال ڈیسک

جموں// وزیر برائے ٹرانسپورٹ ستیش شرما نے آج جموں کے جے کے آر ٹی سی آفس ریل ہیڈ کمپلیکس سے عام لوگوں کی سہولیت کے لئے 3 بسوں (2 اے سی، 1 نان اے سی) کو ہری جھنڈی دِکھا کر روانہ کیا۔ اِس موقعہ پر سیکرٹری محکمہ ٹرانسپورٹ نیرج کمار، ایم ڈی جے کے آر ٹی سی راکیش کمار سرنگل، ٹرانسپورٹ کمشنر بھوانی رکوال، آر ٹی او پنچھ باگوترا کے علاوہ متعلقہ محکمہ کے سینئر افسران اور عملہ موجود تھا۔ وزیر نے جن تین بسوں کو ہری جھنڈی دکھائی ہے وہ مختلف راستوں کا احاطہ کریں گی اور جموں سے ریاسی براستہ ڈسکال، پیان مائرا مندریاں، بس سٹینڈ جموں سے سندر بنی اور باوے (جموں) سے پالن والا، پنج توت بس سٹینڈ تک چلیں گی۔ اِس موقعہ پر وزیر موصوف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر حکومت ریاست میں دیرپا عوامی ٹرانسپورٹیشن سسٹم قائم کرنے کے لئے پُرعزم ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ یہ بسیں مسافروں کو بہتر، محفوظ، آرام دہ اور دیرپا سفر کے تجربے کے لئے متعارف کی گئی ہیں۔ نقل وحمل کے نظام کے قیام کے لئے پرعزم ہے۔

وزیر ستیش شرما نے اس بات پر زور دیا کہ عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت جموں بالخصوص دُور دراز اور سرحدی علاقوں میں ٹرانسپورٹیشن کو بہتر بنانے کے لئے پُرعزم ہے جس کا مقصد بڑے پیمانے پر آواجاہی کو بڑھانا، حفاظت اور دیرپایت میں اِضافہ کے ساتھ ساتھ مسافروں کے لئے زیادہ سے زیادہ رسائی اور سہولت فراہم کرنا ہے۔ بعد میں وزیر نے جے کے آر ٹی سی کے سینئر افسروں، اس کے ملازمین اور ٹرانسپورٹ یونین کے نمائندوں کے ساتھ میٹنگ منعقد کی اور انہیں درپیش مسائل کو بغور سنا۔ اُنہوں نے جے کے آر ٹی سی ملازمین کو یقین دِلایا کہ 20 فیصد ڈی اے ہفتوں کے اندر جاری کیا جائے گا اور ان کی اگلی تنخواہ میں شامل کیا جائے گا۔ وزیر موصوف نے جے کے آر ٹی سی ملازمین کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا اور کہا کہ موجودہ حکومت مستقبل قریب میں ان کے تمام جائز مسائل اور مطالبات کو حل کرنے کے لئے پُرعزم ہے۔






## ایڈوکیٹ خالد مغل کو صدمہ، والدہ ماجدہ داعی اجل کو لبیک کہہ گئیں

### مذہبی، سماجی اور سیاسی شخصیات کا سوگوار کنبہ کے ساتھ اظہار تعزیت



منظور حسین قادری

پونچھ// سابق سرپنچ ماہڑہ ایڈوکیٹ خالد مغل کی والدہ ماجدہ اچانک حرکت قلب بند ہونے کے باعث اس دنیائے فانی کو خیرآباد کہتے ہوئے داعی اجل کو لبیک کہہ کر لواحقین کو ہمیشہ کے لئے داغ مفارقت دے گئیں۔ یاد رہے مرحومہ پابند صوم و صلوٰۃ نیک سیرت خاتون تھیں۔ واضح رہے کہ اس سانحہ ارتحال کی خبر پھیلتے ہی خویش واقارب رفقاء واحباب کے علاوہ ایم ایل اے سرنکوٹ چوہدری محمد اکرم لسانوی مع کارکنان نماز جنازہ میں شریک ہوئے۔ اس موقع پر قاری منظور حسین قادری نے علماء زعماء مذہبی سماجی سیاسی عہدیداران نمائندگان اور ارباب علم ودانش کی طرف سے غمزدگان کے ساتھ اجتماعی طور تعزیت پیش کی اور صبر وتحمل کی تلقین کی۔ یاد رہے حافظ یاسر ندیم امام جامع مسجد مغل ماہڑہ کی اقتدا میں نماز جنازہ کی ادائیگی کی گئی بعدہ اشکبار آنکھوں کے سامنے مرحومہ کو سپرد خاک کیا اور تسکین روح کے لئے دعا کی گئی۔ تاہم بذریعہ ذرائع ابلاغ تعزیاتی پیغامات کا سلسلہ جاری ہے۔